بسم اللہ الرحمن الرحیم

۷۸ کبیرہ گناہ

اللہ اور رسول اللہ ﷺ کی نافرمانی گناہ ہے اور گناہوں کی دو اقسام ہیں ۱) کبیرہ ۲) صغیرہ ۔ قرآن اور احادیث میں گناہوں کو کبیرہ اور صغیرہ سے تقسیم نہیں کیا گیا البتہ کئی گناہوں کو بڑے گناہ فرمایا گیا ہے مثلاً شرک، والدین کی نافرمانی، اس لئے علماء حضرات نے کہا ہے کہ وہ سب گناہ جن کی وجہ سے پہلی قوموں کو عذاب ہوا اور وہ بھی جن سے اللہ اور رسول اللہ ﷺ نے سختی سے منع کیا وہ کبیرہ ہیں۔ اس کے علاوہ معمولی گناہوں پر بھی اڑے رہنے سے یہ گناہ کبیرہ بن جاتے ہیں۔کبیرہ گناہوں کے لئے سچی توبہ شرط ہے اور جس میں آئندہ دوبارہ نہ کرنے کا عزم بھی ہو۔

شیخ احمد بن حجرؒ کی تالیف " معاشرے کی مہلک بیماریوں اور انکا علاج" میں ایسے ۷۸ کبیرہ گناہوں کا دلائل کے ساتھ بیان ہے جن کو ترک کرنا لازمی ہے اور توبہ ضروری ہے۔ یہاں پر صرف گناہوں کی فہرست دی جارہی ہے۔ تفصیل کے لئے کتاب دیکھئے۔ اس کتاب کو مکتبہ قدوسیہ لاہور، پاکستان نے شائع کیا ہے۔

نوٹ: گناہوں کی ترتیب میں ان کے درجہ کا تعین نہیں کیا جائے ، اس فہرست میں لکھا گیا ساٹھواں گناہ اللہ کے نزدیک ، دسویں نمبر گناہ سے زیادہ شدید ہو سکتا ہے۔

١) اللّٰہ تعالٰی کے ساتھ شرک کرنا

٢) سحر (کالا جادو)

٣) اللّٰہ تعالٰی کے حکم کے خلاف فیصلہ کرنا اور شریعت الٰہیہ کے خلاف چلنا

٤) کافروں، مشرکوں سے دوستی گانٹھنا اور ان کی ہمنوائی کرنا

٥) فال لینا اور بد شگونی لینا شرک ہے

٦) قبروں کو سجدہ گاہ بنانا

٧) قبروں پر چراغ جلانا

٨) اللّٰہ کو چھوڑ کر مزاروں کو بت بنا کر انہیں پکڑے رہنا

٩) قبروں اور مزاروں کے گرد پھیرے لگانا

١٠) قبروں کو چومنا

١١) قبروں کی طرف رخ کر کے نماز پڑھنا

١٢) غیر اللّٰہ کی قسم کھانا

١٣) جان بوجھ کر نماز چھوڑ دینا

١٤) بلا عذر نماز کو وقت سے ٹال کر پڑھنا

١٥) بلا عذر جمعہ کی نماز ترک کرنا

١٦) زکوٰۃ روک لینا

١٧) ماہ رمضان کا روزہ ترک کر دینا

١٨) استطاعت کے باوجود حج نہ کرنا

١٩) مقابلے کے دن دشمن کے سامنے سے راہ فرار اختیار کرنا

٢٠) امر بالمعروف اور نہی المنکر نہ کرنا

٢١) ترک سنت اور اس پر اصرار

٢٢) دین میں بدعت کا آغاز

٢٣) پیشاب کے وقت پردہ نہ کرنا، پیشاب سے نہ بچنا

٢٤) جس آدمی کے قتل کو اللّٰہ نے حرام ٹھہرایا، اسے ناحق قتل کرنا

٢٥) خود کشی کرنا

٢٦) قتل کرنا اور اس سے زیادہ بدترین گناہ نسل کشی کرنا

٢٧) زنا کاری اور بدکاری

٢٨) ہم جنس پرستی

٢٩) نشہ آور چیزوں کا استعمال

٣٠) قمار یعنی جوا بازی

۳۱) چوری

۳۲) ایماندار، اور پاکدامن عورتوں پر جھوٹی تہمت لگانا

۳۳) جان بوجھ کر جھوٹی قسم کھانا

۳٤) حرام مال کھانا

۳٥) سود خوری

۳٦) یتیم کا مال کھانا

۳۷) مزدور کو مزدوری نہ دینا

۳۸) ورثہ کو ستانا

۳۹) سودا سلف میں دھوکہ دہی

٤۰) ناپ تول اور پیمائش میں کمی

٤۱) ظلم و ستم

٤۲) رشوت کا لین دین

٤۳) رشوت لینے اور دینے والے کے درمیان دوڑ دھوپ کرنا

٤٤) جھوٹی گواہی دینا

٤٥) والدین کی نافرمانی کرنا

٤٦) والدین کو گالی دینا

٤۷) رسول اللہ ﷺ یا آپ ﷺ کی آل واصحاب کی زندگی کی تصویر کشی کرنا

٤۸) کسی جاندار جیسے انسان چرند پرند وغیرہ کی تصویر بنانا

٤۹) امانت میں خیانت، بات چیت میں جھوٹ، نقض عہد

٥۰) لڑائی جھگڑے میں فسق و فجور

٥۱) بات چیت میں جھوٹ بولنا

٥۲) غداری اور وعدہ خلافی کرنا

٥۳) خصومت و بحث میں جھوٹ بولنا

٥٤) مذاق اور ٹھٹھہ کرنا

٥٥) غیبت کرنا، عیب جوئی کرنا، طعنہ کرنا

٥٦) چغل خوری کرنا

٥۷) عجب اور تکبر کرنا

٥۹) پڑوسی کو ستانا

٦۰) صحابہ ؓ کو گالی دینا

٦١) مسلمان کو گالی دینا، اس کی عزت و آبرو میں دست درازی کرنا، اسکے والدین کو گالی دینا۔

٦٢) دو رُخا ہونا، دوغلا پن

٦٣) علم کا چھپانا

٦٤) قطع رحمی کرنا

٦٥) اپنے ماں باپ یا قبیلہ کے علاوہ کسی اور کی طرف خود کو منسوب کرنا

٦٦) غیر مسلموں کی پیروی کرنا

٦٧) مردوں کا عورتوں اور عورتوں کا مردوں کی مشابہت اختیار کرنا

٦٩) بے پردگی اور خواتین کا بن سنور کر نکلنا

٧٠) بالوں کو جوڑنا

٧١، 72) جسموں پر نشانات، نقش و نگار بنانا، دانتوں کو الگ الگ کرنا

٧٣) حسین بننے کے لئے بھنووں کو نوچنا

٧٤) اجنبی عورت کو بد نیتی سے دیکھنا

٧٥) نامحرم کے ساتھ خلوت (ملاقات، میل جول) کرنا

٧٦) بیوی کا شوہر کی نافرمانی کرنا

٧٧) شوہر کا بیوی کے حقوق ادا نہ کرنا

٧٨) شوہر کے خلاف بیوی کو بھڑکانا

یہ فہرست کتاب " معاشرے کی مہلک بیماریاں اور انکا علاج" تالیف شیخ احمد بن حجرؒ سے تیار کی گئی ہے۔ اس کتاب کو مکتبہ قدوسیہ لاہور، پاکستان نے شائع کیا ہے۔